# News of the Sports

April 16 , 2018

روزنامہ ایکسپریس

کامن ویلتھ گیمز

## نوح دستگیر بٹ کا گوجرانوالہ میں شاندار استقبال

### حکومت سرپرستی کرے تو مستقبل میں بھی کامیابیاں سمیٹ سکتا ہوں، ویٹ لفٹر

گوجرانوالہ (سٹی رپورٹر) کامن ویلتھ گیمز میں برانز میڈلسٹ ویٹ لفٹر نوح دستگیر بٹ کا گوجرانوالہ پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا، نوح دستگیر گوجرانوالہ میں اپنے کلب اور گھر پہنچے تو ان کا شاندار استقبال کیا گیا، گھر پر والدہ اپنے بیٹے کو جذباتی انداز میں ملیں اور کامن ویلتھ گیمز میں ملنے والے میڈل اور بیٹے کو چومتی رہیں، جیتنے والے ویٹ لفٹر محمد نوح دستگیر بٹ نے ایکسپریس سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگر حکومت سرپرستی کرے تو وہ مستقبل میں بھی کامیابیاں حاصل کر سکتے ہیں۔ تمام شہروں میں ویٹ لفٹنگ کے کلب ہونے چاہئیں تاکہ آسانی سے ٹریننگ کی جا سکے۔ نوح دستگیر کا کہنا تھا کہ اس کی ٹریننگ میں اس کے تمام اخراجات اس کے والد نے برداشت کیے ہیں اور وہ مستقبل میں بھی بھرپور محنت کر کے انٹرنیشنل مقابلوں میں ملک کا نام روشن کرے گا، ویٹ لفٹر کے والد اور والدہ کا کہنا تھا کہ ان کو اپنے بیٹے پر فخر ہے وہ دن دور نہیں جب ان کا بیٹا گولڈ میڈل جیت کر ملک کا نام روشن کرے گا۔ نوح دستگیر نے کامن ویلتھ گیمز کے مقابلے میں 395 کلوگرام وزن اٹھا کر کامن ویلتھ گیمز جونیئر کا نیا ریکارڈ بھی قائم کیا ہے، انھوں نے اس سے پہلے بھی کئی انٹرنیشنل مقابلوں میں میڈلز حاصل کیے ہیں۔

ABC CERTIFIED

Daily JEHAN PAKISTAN

جہان پاکستان

## دولت مشترکہ کھیل ختم، کھلاڑیوں کی کل سے واپسی

### سوئمنگ اور ویٹ لفٹنگ کی ٹیمیں پہلے ہی وطن آ چکی ہیں

کراچی (سپورٹس رپورٹر) کامن ویلتھ گیمز میں شرکت کے بعد پاکستان کے کھلاڑیوں کی واپسی کل سے شروع ہوگی، اختتامی تقریب میں شرکت کے بعد کھلاڑیوں کی کثیر تعداد منگل کو آسٹریلیا سے پاکستان کے لئے روانہ ہونگے جبکہ شوٹنگ ٹیم آج شام پاکستان پہنچے گی، پاکستان کی شوٹنگ ٹیم کے کھلاڑیوں نے اختتامی تقریب میں شرکت نہیں کی تھی اور اتوار کی شام کو پاکستان کے لئے پرواز لی تھی ، گولڈ میڈل حاصل کرنی والے قومی ریسلر انعام بٹ اور ریسلنگ ٹیم کے اراکین وآفیشلز بھی منگل کو پاکستان کے لئے روانہ ہونگے اور بدھ کی شام کو وطن پہنچیں گے، اس کے علاوہ ہاکی، باکسنگ، ٹیبل ٹینس اور دیگر ٹیموں کے آفیشلز بھی ریسلنگ ٹیم کے ہمراہ پاکستان پہنچیں گے، واضح رہے کہ سوئمنگ اور ویٹ لفٹنگ کی ٹیمیں کامن ویلتھ گیمز میں شرکت کے بعد پہلے ہی پاکستان پہنچ چکی ہیں۔

ABC CERTIFIED
Daily JEHAN PAKISTAN
جہان پاکستان

# کامن ویلتھ گیمز: پاکستانی ریسلرز نے تاریخ میں نام لکھوادیا

## دولت مشترکہ کھیلوں کی مجموعی تاریخ میں پاکستان نے اب تک 25 گولڈ میڈل جیتے جن میں سے 21 ریسلنگ کے حصے میں آئے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان نے کامن ویلتھ گیمز کی مجموعی تاریخ میں اب تک 25 گولڈ میڈلز جیتے ہیں جن میں سے 21 گولڈ میڈلز پاکستانی ریسلرز نے ہی جتوائے ہیں۔کامن ویلتھ گیمز میں ریسلنگ مقابلوں میں زیادہ گولڈ میڈل جیتنے میں پاکستان تیسرے نمبر پر ہے۔یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ گوجرانوالہ کے پہلوانوں نے ہمیشہ ہی اپنے شاندار کھیل سے اپنا لوہا منوایا ہے۔حالیہ کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کیلئے میڈلز جیتنے والی پانچ میں سے چار کھلاڑیوں کا تعلق گوجرانوالہ سے ہے جن میں انعام بٹ، محمد بلال، نوح بٹ اور طلحہ طالب شامل ہیں جبکہ پانچویں میڈلسٹ طیب رضا کا تعلق لاہور سے ہے۔




روزنامہ ایکسپریس

# کامن ویلتھ گیمز میں ویٹ لفٹرز اور ریسلرز کا میڈل جیتنا خوش آئند ہے، عاقل شاہ

پشاور (اسپورٹس رپورٹر) سابق صوبائی وزیر کھیل سید عاقل شاہ نے آسٹریلیا کے شہر گولڈ کوسٹ میں منعقدہ کامن ویلتھ گیمز میں ویٹ اور ریسلنگ کے کھلاڑیوں کو شاندار کارکردگی دکھانے پر خراج تحسین پیش کیا ہے، پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اس سے ثابت ہوگیا کہ اگر حکومت دیگر کھیلوں کی طرح ایتھلیٹکس پر بھی توجہ دے تو مزید بہترین کھلاڑی بھی سامنے آئیں گے۔ کامن ویلتھ گیمز سمیت مختلف بین الاقوامی گیمز میں سب سے زیادہ میڈل ویٹ لفٹنگ اور ریسلنگ کے کھلاڑیوں نے ہی جیتے ہیں جو کہ ایک خوش آئند بات ہے۔



روزنامہ اوصاف

## انعام بٹ نے بھارتی ریسلر پر قابو پانے کے راز سے پردہ اٹھادیا

گولڈ کوسٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) آسٹریلیا میں جاری دولت مشترکہ گیمز میں پاکستان کی جانب سے پہلا گولڈ میڈل حاصل کرنے والے پہلوان انعام بٹ نے ٹورنامنٹ میں بھارتی ریسلر کے خلاف مقابلے میں اعصاب پر قابو رکھنے کے راز سے پردہ اٹھادیا۔ ویڈیو پیغام میں انعام بٹ نے بتایا کہ بھارتی پہلوان سوموبر ٹورنامنٹ کا سب سے فیورٹ پہلوان تھا اور ان کیخلاف مقابلے میں بھارتی تماشائیوں کی بھی بڑی تعداد موجود تھی۔ انعام بٹ نے بتایا کہ بھارتی شائقین جب اپنے ملک کے حق میں نعرے لگا رہے تھے تو میں نے اسی وقت اپنے ذہن میں یہ تصور کرلیا کہ یہ سب نعرے بھارتی پہلوان کے حق میں نہیں بلکہ میرے حق میں لگ رہے ہیں جس سے مجھے بھارتی ریسلر پر حاوی ہونے اور اسے شکست دینے میں مدد ملی۔

## دولت مشترکہ گیمز: انعام بٹ اختتامی تقریب میں قیادت کریں گے

گولڈ کوسٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) دولت مشترکہ گیمز 2018 کی اختتامی تقریب آج آسٹریلیا کے شہر گولڈ کوسٹ میں ہوگی جس میں پاکستانی دستے کی قیادت انعام بٹ کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق آسٹریلیا کے شہر گولڈ کوسٹ میں ہونے والی دولت مشترکہ گیمز کی اختتامی تقریب آج ہوگی جس میں پاکستانی دستے کی قیادت گولڈ میڈلسٹ انعام بٹ کریں گے۔ انعام بٹ نے دولت مشترکہ گیمز میں پاکستان کیلئے واحد طلائی تمغہ حاصل کیا، گوجرانوالہ سے تعلق رکھنے والے گولڈ میڈلسٹ اختتامی تقریب میں سبز ہلالی پرچم تھامیں گے۔ پوائنٹس ٹیبل پر پاکستان 39 ممالک میں 22 ویں نمبر پر ہے جس نے ایک گولڈ اور کانسی کے چار میڈل حاصل کئے ہیں جبکہ آسٹریلیا 187 کے ساتھ پہلے نمبر، انگلینڈ 123 کے ساتھ دوسرے نمبر پر جبکہ بھارت 59 میڈلز کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔

روزنامہ ایکسپریس

# کامن ویلتھ گیمز: ہاکی ٹیم سے وابستہ توقعات پوری نہیں ہوئیں، چیف سلیکٹر

## ایونٹ کی ٹاپ 4 سائیڈز میں ہونا چاہیے تھا، ناقابل شکست رہنا خوش کن ہے، مستقبل میں بہتر نتائج کیلیے سخت محنت کرنا ہوگی، اصلاح الدین

کراچی (زبیرنذیر خان/اسپورٹس رپورٹر) قومی سلیکشن کمیٹی کے چیئرمین اور اپنے دور کے عظیم کھلاڑی اولمپئن اصلاح الدین صدیقی نے کہاہے کہ کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان ہاکی ٹیم توقعات پر پورا نہیں اتری، اسے ایونٹ کی پہلی 4 ٹیموں میں شامل ہونا چاہیے تھا، تاہم یہ امر خوش کن ہے کہ پاکستان کو گیمز میں کسی میچ میں شکست کا سامنا نہیں کرنا پڑا، مستقبل میں بہتر نتائج کے لیے سخت محنت کرنا ہوگی، ایشین گیمز اور چیمپئنز ٹرافی کو ہدف بناکر طویل المیعاد تربیتی کیمپ ناگزیر ہیں، انھوں نے ان خیالات کا اظہار نمائندہ ایکسپریس سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، سابق قومی کپتان اولمپئن اصلاح الدین صدیقی نے کہاکہ آسٹریلیا کے شہر گولڈ کوسٹ میں ہونے والے 21ویں کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان ہاکی ٹیم کی ٹیم کارکردگی کو اطمینان بخش نہیں قرار دیا جاسکتا، مجھے توقع تھی کہ پاکستان ہاکی ایونٹ میں کم ازکم پہلی 4 ٹیموں میں شامل ہونے میں کامیاب رہے گا لیکن بدقسمتی آڑھے آگئی، تاہم یہ اچھی بات رہی کہ قومی ٹیم اپنے گروپ میچز میں شکست سے دور رہی اور اس نے حریف ٹیموں کے خلاف تمام میچز برابر کھیلے، خاص طور پر روایتی حریف بھارت کے خلاف پاکستان نے شاندار کھیل پیش کر کے اپنے بہتر مستقبل کی نشاندہی کی لیکن پاکستان کو ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ میں مدمقابل ویلز کو ضرور شکست سے دوچار کرنا چاہیے تھا، پول بی میں انگلینڈ کے بعد ملائیشیاکی مضبوط ٹیم سے بھی میچ برابر کھیلنے سے پاکستان ٹیم کے کھلاڑیوں کے اعتماد میں ضرور اضافہ ہوگا اور اگلے مقابلوں میں فتح کے لیے زیادہ جوش اور ولولے کے ساتھ میدان میں اترے گی، ایک سوال کے جواب میں اصلاح الدین نے کہاکہ پاکستان کو آئندہ اچھے نتائج پانے کے لیے سخت محنت کی ضرورت ہوگی، ایشین گیمز اور پھر چیمپئنز ٹرافی کو اپنا ہدف بناکر مناسب لائحہ عمل تیار کیا جائے، ٹرافی میں پاکستان کو ہالینڈ، جرمنی اور کوریا جیسی مضبوط ٹیموں سے مقابلہ درپیش ہوگا، اس ضمن میں طویل المدتی تربیتی کیمپس کا انعقاد لازمی ہے، اس کے ساتھ کھلاڑیوں کی جسمانی فٹنس اور کنڈیشن کو بھی زیادہ بہتر بنانے کی اشد ضرورت ہے، اس معاملے پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے، ایک اور سوال کے جواب میں چیف سلیکٹر نے کہاکہ پاکستان کو ہاکی میں کامیابی کے لیے دفاعی طرز کے کھیل کو خیرباد کہہ دینا چاہیے، ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان بہتر نتائج کے لیے جارحانہ طرز کی ہاکی کو اپنانا ہوگا لیکن اس کیلیے کھلاڑیوں میں بہترین فزیکل فٹنس لازمی ہے، اب پاکستان کو مسلسل آگے بڑھنا ہوگا، بہتر منصوبہ بندی پاکستان کو عالمی ہاکی میں اپنا کھویا ہوا مقام دوبارہ پانے میں معاون ومددگار ہوسکتی ہے۔

روزنامہ دنیا

## گولڈ میڈل نے محمد انعام کو 50 لاکھ کے انعام کا حقدار بنا دیا

### پاکستان سپورٹس بورڈ کانسی کے تمغے جیتنے والوں کو 10، 10 لاکھ روپے دے گا



لاہور (سپورٹس رپورٹر) کامن ویلتھ گیمز میں میڈلز جیتنے والے قومی کھلاڑیوں کو پاکستان سپورٹس بورڈ نقد انعامات سے نوازے گا۔ بورڈ کے ترجمان کے مطابق 5 میڈل جیتنے والے کھلاڑیوں کو قومی سپورٹس پالیسی پر عمل کرتے ہوئے انعامات دیئے جائیں گے۔ ریسلنگ میں پاکستان کیلئے واحد گولڈ میڈل جیتنے والے انعام بٹ کو 50 لاکھ روپے کی انعامی رقم سے نوازا جائیگا، سپورٹس پالیسی کے تحت کانسی کے میڈلز جیتنے والوں کو 10 لاکھ روپے فی کس انعام دیا جائیگا، کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان نے ایک گولڈ اور 4 کانسی کیساتھ مجموعی طور پر 5 میڈلز جیتے ہیں۔ اس حساب سے انعام بٹ گولڈ میڈل پانے پر 50 لاکھ روپے کے حقدار بن گئے ہیں۔

## گولڈ میڈلسٹ محمد انعام اور ریسلنگ ٹیم کی 18 اپریل کو واپسی

### ہاکی، باکسنگ، ٹیبل ٹینس و دیگر ٹیمیں اور آفیشلز بھی انکے ساتھ لاہور پہنچیں گے

کراچی (سپورٹس رپورٹر) کامن ویلتھ گیمز میں پاکستانی گولڈ میڈلسٹ محمد انعام بٹ اور ریسلنگ ٹیم کے دیگر کھلاڑی 17 اپریل کو وطن واپس روانہ ہوں گے اور 18 اپریل کی صبح 8 بجے نجی ایئر لائن کے ذریعے لاہور پہنچیں گے۔ گولڈ کوسٹ سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق ہاکی، باکسنگ، ٹیبل ٹینس و دیگر ٹیمیں اور آفیشلز بھی 17 اپریل کو پاکستان کیلئے روانہ ہوں گے۔ ترجمان نے بتایا کہ شوٹنگ ٹیم گزشتہ روز روانہ ہوئی اور آج شام 6:30 پر کراچی ایئر پورٹ پر پہنچے گی، ویٹ لفٹنگ اور سوئمنگ کی ٹیمیں پہلے ہی وطن واپس پہنچ چکی ہیں۔ ایونٹ میں قومی ایتھلیٹس کی ریسلنگ اور ویٹ لفٹنگ کے علاوہ دیگر کھیلوں میں کارکردگی مایوس کن رہی۔

---

## محمد انعام کو پرائیڈ آف پرفارمنس دیا جائے، مطالبہ زور پکڑنے لگا

### واحد پاکستانی ہیں جنہوں نے کامن ویلتھ گیمز میں دو مرتبہ گولڈ میڈل حاصل کیا

گوجرانوالہ (نیوز رپورٹر) کامن ویلتھ گیمز میں گولڈ میڈ حاصل کرنے والے انعام پہلوان کو پرائیڈ آف پرفارمنس کا ایوارڈ ملنا چاہیے، گوجرانوالہ میں انعام پہلوان کو پرائیڈ آف پرفارمنس کے ایوارڈ کا مطالبہ زور پکڑنے لگا۔ حمایتیوں کا کہنا ہے کہ انعام پہلوان واحد پاکستانی ہیں جنہوں نے کامن ویلتھ گیمز میں دو مرتبہ گولڈ میڈل حاصل کیا۔ 2017 میں ترکی میں ہونے والی ورلڈ بیچ ریسلنگ چیمپئن شپ جیتی۔ 2016 میں ایشین بیچ ریسلنگ چیمپئن میں گولڈ میڈل حاصل کیا، 2016 میں ساؤتھ ایشین گیمز میں بھی گولڈ میڈل حاصل کر کے دنیا بھر میں پاکستان کا نام بلند کیا، 2010 اور 2018 کے کامن ویلتھ گیمز میں گولڈ میڈل جیتے۔

روزنامہ میٹرو واچ

# پی ایس بی کی کامن ویلتھ گیمز کے میڈلسٹ کو دو ہفتے کے اندر قرار تقریب انعامی رقم دینے کی تیاریاں

**ریسلر محمد انعام بٹ کو طے شدہ فارمولے کے تحت پچاس لاکھ روپے جبکہ طیب رضا۔ محمد بلال بٹ۔ طلحہ طلعت اور نوح دستگیر بٹ کو بالترتیب دس دس لاکھ روپے روپے فی کس انعام دیا جائے گا**

اسلام آباد (سپورٹس ورلڈ نیوز) حکومت پاکستان کی پالیسی کے تحت پاکستان سپورٹس بورڈ دو ہفتوں کے اندر کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کے لئے گولڈ میڈل جیتنے والے ریسلر محمد انعام بٹ کو طے شدہ فارمولے کے تحت پچاس لاکھ روپے اور ریسلنگ و ویٹ لفٹنگ میں براونز میڈل جیتنے والے کھلاڑیوں طیب رضا۔ محمد بلال بٹ۔ طلحہ طلعت اور نوح دستگیر بٹ کو بالترتیب دس دس لاکھ روپے روپے فی کس انعام دے گی۔ یہ بات پاکستان سپورٹس بورڈ کے ذمہ دار ذرائع نے سپورٹس ورلڈ سے گفتگو کرتے ہوئے بتائی۔ ذرائع نے بتایا کہ حکام بالا نے اس حوالے سے طے شدہ پالیسی کے تحت کاروائی تیزی سے مکمل کرنے کی ہدایت کر دی ہے تاکہ کھلاڑیوں کو دو ہفتے کے اندر اندر ایک پروقار تقریب میں یہ انعامی رقم ان کے حوالے کی جا سکے۔

روزنامہ خبریں Daily KHABRAIN

# رنگارنگ تقریب میں کامن ویلتھ گیمز اختتام پذیر

میڈلز ٹیبل پر آسٹریلیا سرفہرست

**مقامی اور نامور فنکاروں نے شاندار پرفارمنس پر خوب داد سمیٹی، تقریب کے دوران آتش بازی کا دلفریب مظاہرہ بھی دیکھنے میں آیا**

**کھیلوں میں پاکستان نے 1 گولڈ سمیت 4 برانز میڈلز اپنے نام کیے، اگلے گیمز 2022ء میں انگلینڈ کے شہر برمنگھم میں منعقد ہونگے**







گولڈ کوسٹ (سپورٹس ڈیسک) 21 ویں دولت مشترکہ کھیل رنگارنگ تقریب کے ساتھ گولڈ کوسٹ میں اختتام پذیر ہو گئے۔ میزبان آسٹریلیا نے گیمز کے دوران اپنی واضح برتری ثابت کی۔ آسٹریلیا نے کھیلوں کے دوران 80 گولڈ 59 سلور اور 59 کانسی سمیت مجموعی طور پر 198 میڈلز اپنے نام کیے۔ انگلینڈ 45 سونے کے تمغوں سمیت مجموعی طور پر 136 میڈلز جیت کر دوسرے نمبر رہا۔ بھارت نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ میگا ایونٹ میں پاکستان نے 1 گولڈ اور 4 برانز میڈلز جیت کر مجموعی طور پر 24 ویں پوزیشن حاصل کی۔ گولڈ کوسٹ میں کامن ویلتھ گیمز کی اختتامی تقریب کے دوران آرٹسٹ نے شاندار پرفارمنس کا مظاہرہ کیا۔ مقامی اور نامور اداکاروں نے اپنی پرفارمنس سے تقریب کو چار چاند لگا دیئے۔ گیمز کی تاریخ میں پہلی بار 5 ممالک نے میڈل جیتا۔ اختتامی تقریب میں نیوزی لینڈ کے ایتھلیٹ ڈیوڈ لیٹی نے بہترین ایتھلیٹ کا ڈیوڈ ڈکسن ایوارڈ بھی حاصل کیا۔ اختتامی تقریب کے دوران کامن ویلتھ گیمز فیڈریشن کا پرچم اتار دیا گیا۔ اور پرچم اگلے میزبان ملک انگلینڈ کے حوالے کیا گیا۔ تقریب کے دوران آتش بازی کا بھی شاندار مظاہرہ کیا گیا۔ 22 ویں کامن ویلتھ گیمز 27 جولائی سے 7 اگست 2022ء تک انگلینڈ کے شہر برمنگھم میں ہونگے۔

روزنامہ پاکستان
چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمان شامی

# انعام بٹ نے بھارتی ریسلر پر قابو پانے کے راز سے پردہ اٹھا دیا

**بھارتی شائقین کے نعرے سن کر میں نے اپنے ذہن میں یہ تصور کر لیا کہ یہ سب نعرے بھارتی پہلوان کے حق میں نہیں بلکہ میرے لئے ہیں: گفتگو**



سڈنی (سپورٹس رپورٹر) آسٹریلیا میں جاری کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کی جانب سے پہلا گولڈ میڈل حاصل کرنے والے پہلوان انعام بٹ نے ٹورنامنٹ میں بھارتی ریسلر کے خلاف مقابلے میں اعصاب پر قابو رکھنے کے راز سے پردہ اٹھا دیا۔ ویڈیو پیغام میں انعام بٹ نے بتایا کہ بھارتی پہلوان سوموبر ٹورنامنٹ کا سب سے مضبوط پہلوان تھا اور ان کے خلاف مقابلے میں بھارتی تماشائیوں کی بھی بڑی تعداد موجود تھی۔ انعام بٹ نے بتایا کہ بھارتی شائقین جب اپنے ملک کے حق میں نعرے لگا رہے تھے تو میں نے اسی وقت اپنے ذہن میں یہ تصور کر لیا کہ یہ سب نعرے بھارتی پہلوان کے حق میں نہیں بلکہ میرے حق میں لگ رہے ہیں جس سے مجھے بھارتی ریسلر پر حاوی ہونے اور اسے شکست دینے میں مدد ملی۔ کامن ویلتھ گیمز کے گولڈ میڈل مقابلے کے حوالے سے انعام بٹ نے بتایا کہ نائیجیرین ریسلر میلون جو کہ ورلڈ نمبر دو اور افریقن چیمپئن ہے، اس سے مقابلے سے قبل میں نے اپنے کوچنگ اسٹاف کے ساتھ بیٹھ کر مخالف ریسلر کی تمام خوبیوں اور خامیوں کا بغور جائزہ لیا اور پھر اس کیلئے حکمت عملی ترتیب دی۔ انعام بٹ نے کہا کہ وہ اپنا ٹائٹل پاکستانی قوم کے نام کرتے ہیں کیونکہ یہ سب قوم کی دعاؤں کی بدولت ہی ممکن ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری جیت کا کریڈٹ ہر اس فرد کو جاتا ہے جس نے اس کو میرے لیے ممکن بنایا، میرے خاندان والوں، پاکستان اسپورٹس بورڈ اور پاکستان ریسلنگ فیڈریشن کو بھی جیت کا کریڈٹ جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پاکستان کا میڈل ہے اور میں شکر گزار ہوں کہ اسے حاصل کرنے میں کامیاب رہا۔ اپنی مالی مشکلات کے حوالے سے انعام بٹ نے کہا کہ کامن ویلتھ گیمز سے قبل حکومت سے مالی تعاون کی درخواست کی جو کہ نہیں ملی۔ انہوں نے کہا کہ میں نے 4 ماہ قبل حکومت سے ٹریننگ کے لیے 10 لاکھ روپے کا مطالبہ کیا تھا تاہم مجھے کچھ بھی نہیں دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ نہ ہی میرے اپنے پاکستان ریسلنگ فیڈریشن نے اس حوالے سے کوئی تعاون کیا جس کے بعد میں نے خود سے ٹریننگ کی۔ انعام بٹ نے کہا کہ قومی ریسلرز نے پاکستان کے لیے بہت محنت کی اور ہم حکومتی تعاون کے مستحق ہیں۔ کامن ویلتھ گیمز میں دو مرتبہ گولڈ میڈل جیتنے والے پاکستانی ریسلر نے بتایا کہ اولمپکس گیمز ہر 4 سال بعد آتے ہیں اور بھارت سمیت دیگر ممالک نے 2016 کے بعد 2020 کے گیمز کی منصوبہ بندی شروع کر دی تھی اب بھی ہمارے پاس اولمپکس کی تیاری کے لیے 2 سال موجود ہیں، اگر حکومت ہمارے ساتھ مالی تعاون کرتی ہے تو ہم 2020 کے گیمز میں بھی اچھی کارکردگی دکھا سکتے ہیں۔

روزنامہ وقت لاہور

# کامن ویلتھ گیمز، آسٹریلیا کی پہلی پوزیشن

گولڈ کوسٹ (وقت نیوز) اکیسویں کامن ویلتھ گیمز میں میڈلز کی دوڑ میں آسٹریلیا پہلے نمبر پر رہا۔ آسٹریلیا نے 198 میڈل جیتے جن میں 80 گولڈ، 59 سلور اور 59 براونز میڈل شامل ہیں۔ دوسرے نمبر پر انگلینڈ نے 136 میڈل جیتے جن میں 45 گولڈ، 45 سلور اور 46 براونز میڈل شامل ہیں۔ تیسرے نمبر پر بھارت نے 66 میڈل جیتے جن میں 26 گولڈ، 20 سلور اور 20 براونز میڈل شامل ہیں۔ چوتھے نمبر پر کینیڈا نے 82 میڈل جیتے جن میں 15 گولڈ، 40 سلور اور 27 براونز میڈل شامل ہیں۔ پانچویں نمبر پر نیوزی لینڈ نے 46 میڈل جیتے جن میں 15 گولڈ، 16 سلور اور 15 براونز میڈل شامل ہیں۔ چھٹے نمبر پر جنوبی افریقہ نے 37 میڈل جیتے جن میں 13 گولڈ، 11 سلور اور 13 براونز میڈل شامل ہیں۔ ساتویں نمبر پر ویلز نے 36 میڈل جیتے جن میں 10 گولڈ، 12 سلور اور 14 براونز میڈل شامل ہیں۔ آٹھویں نمبر پر سکاٹ لینڈ نے 44 میڈل جیتے جن میں 9 گولڈ، 13 سلور اور 22 براونز میڈل شامل ہیں۔ نویں نمبر پر نائیجیریا نے 24 میڈل جیتے جن میں 9 گولڈ، 9 سلور اور 6 براونز میڈل شامل ہیں۔ دسویں نمبر پر سائپرس نے 14 میڈل جیتے جن میں 8 گولڈ، ایک سلور اور 5 براونز میڈل شامل ہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان میڈلز کی دوڑ میں چوبیسویں نمبر پر ہے پاکستان نے 5 میڈل جیتے جن میں سے ایک گولڈ اور 4 براونز میڈل جیتے ہیں۔

# Bolt takes turn as DJ as Gold Coast bids goodbye to Commonwealth Games

GOLD COAST: Usain Bolt took a turn as DJ as the Gold Coast said goodbye to the Commonwealth Games on Sunday after an 11-day tournament where Australia topped the medals table by a distance.

Bolt made a surprise appearance on the decks as the Games closed in a colourful ceremony with references to Aboriginal culture — although indigenous protests continued outside.

Australia finished with 80 golds, way ahead of England's 45 and India's 26, in a tally that integrated para sports and was equally split between men and women for the first time.

"For those who delivered this event I say, 'You beauty! You did us proud,'" said Queensland premier Annastacia Palaszczuk, as the Commonwealth flag was handed to 2022 hosts Birmingham.

Australia dominated in the swimming pool and in track cycling, while Jamaica felt the absence of the retired Bolt as they struggled in the sprint events.

The Games also featured their first transgender athlete, and gay English diver Tom Daley caused a stir when he urged the 37 Commonwealth countries that outlaw homosexuality to change their laws.

Zero failed drug tests were reported during the event, although India twice fell foul of the Games' 'no needle policy' and had two athletes ordered home.

However, the Games also saw several protests from indigenous activists who dubbed them the 'Stolenwealth Games', a reference to Britain's colonisation of Australia.

On Sunday about 100 protesters were blocked from marching to the stadium by a heavy police presence, preventing a repeat of the tense confrontation before the opening ceremony.

Earlier, organisers were criticised for their medical response after marathon runner Callum Hawkins collapsed only two kilometres (just over a mile) from victory and lay prone for some time before help arrived.

Officials in turn lashed out at spectators who took pictures of Hawkins as he lay in distress. Australia's Michael Shelley ran past the Scot on his way to victory.

Marathon world record-holder Paula Radcliffe tweeted that there were 'big questions' for the organising committee and medical staff.

"That should never happen," she said.

The Games have been painted by organisers as Australia's chance to burnish its image for sportsmanship after a Test cricket cheating scandal which shocked the nation.

Australia also suffered setbacks on the last day when their women's rugby team, the Olympic champions, lost a sudden-death thriller against New Zealand in the inaugural final.

Kelly Brazier scored from inside her own half to clinch it 17-12 in the first extra period and avenge New Zealand's defeat to Australia in the 2016 Olympic title decider.

Heavy favourites Australia were also stunned by England in gripping fashion when Helen Housby scored the winning goal in the last second to make it 52-51.

However, Australia thrashed Canada 87-47 in the men's basketball final, Shelley won the marathon and David Palmer and Zac Alexander were crowned men's doubles squash champions on the final day.

Helalia Johannes won the women's marathon in 2:32.40, becoming Namibia's first female gold medallist at the Commonwealth Games.

Malaysia's Lee Chong Wei fought back from a game down to beat India's newly crowned world number one Kidambi Srikanth in the men's badminton final.

Saina Nehwal won an all-Indian women's badminton final against P.V. Sindhu, and Singapore finished with table tennis success in the men's singles and mixed doubles.—AFP

**Final medals table**

(Tabulated under gold, silver, bronze, total)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Australia | 80 | 59 | 59 | 198 |
| England | 45 | 45 | 46 | 136 |
| India | 26 | 20 | 20 | 66 |
| Canada | 15 | 40 | 27 | 82 |
| New Zealand | 15 | 16 | 15 | 46 |
| South Africa | 13 | 11 | 13 | 37 |
| Wales | 10 | 12 | 14 | 36 |
| Scotland | 9 | 13 | 22 | 44 |
| Nigeria | 9 | 9 | 6 | 24 |
| Cyprus | 8 | 1 | 5 | 14 |
| Jamaica | 7 | 9 | 11 | 27 |
| Malaysia | 7 | 5 | 12 | 24 |
| Singapore | 5 | 2 | 2 | 9 |
| Kenya | 4 | 7 | 6 | 17 |
| Uganda | 3 | 1 | 2 | 6 |
| Botswana | 3 | 1 | 1 | 5 |
| Samoa | 2 | 3 | 0 | 5 |
| Trinidad | 2 | 1 | 0 | 3 |
| Namibia | 2 | 0 | 0 | 2 |
| Northern Ireland | 1 | 7 | 4 | 12 |
| The Bahamas | 1 | 3 | 0 | 4 |
| Papua New Guinea | 1 | 2 | 0 | 3 |
| Fiji | 1 | 1 | 2 | 4 |
| Pakistan | 1 | 0 | 4 | 5 |
| Grenada | 1 | 0 | 1 | 2 |
| Bermuda | 1 | 0 | 0 | 1 |
| Guyana | 1 | 0 | 0 | 1 |
| British Virgin Islands | 1 | 0 | 0 | 1 |
| Saint Lucia | 1 | 0 | 0 | 1 |
| Bangladesh | 0 | 2 | 0 | 2 |
| Sri Lanka | 0 | 1 | 5 | 6 |
| Cameroon | 0 | 1 | 2 | 3 |
| Dominica | 0 | 1 | 1 | 2 |
| Isle of Man | 0 | 1 | 0 | 1 |
| Mauritius | 0 | 1 | 0 | 1 |
| Nauru | 0 | 1 | 0 | 1 |
| Malta | 0 | 0 | 2 | 2 |
| Vanuatu | 0 | 0 | 2 | 2 |
| Cook Islands | 0 | 0 | 1 | 1 |
| Ghana | 0 | 0 | 1 | 1 |
| Norfolk Island | 0 | 0 | 1 | 1 |
| Seychelles | 0 | 0 | 1 | 1 |
| Solomon Islands | 0 | 0 | 1 | 1 |



GOLD COAST: Legendary Jamaican sprinter Usain Bolt (C) performs with other artists on stage during the closing ceremony of the Commonwealth Games at the Carrara Stadium on Sunday.—AFP